# کنز الحدیث

137 مستند

منتخب احادیث کا مجموعہ

مُرتّب:- محمد عمر خان

اللھم صل علی محمد
وعلی ال محمد
کما صلیت
علی ابراھیم
وعلی ال ابراھیم
انک حمید مجید

بسم اللہ الرحمان الرحیم

اللّٰہُ جَمِیلٌ وَیُحِبُّ الْجَمَالَ

اللہ تعالیٰ خوبصورت ہے اور خوبصورتی کو پسند کرتا ہے




# وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیعًا وَّلَا تَفَرَّقُوا

3_ال عمران 10

سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوط پکڑلو اور تفرقہ میں نہ پڑو

کنز الحدیث

# جملہ حقوق محفوظ ہیں


| | |
|---|---|
| نام کتاب | کنز الحدیث (137 احادیث کا مجموعہ) |
| مرتب | محمد عمر خان Muhammad Umar Khan |
| بائنڈنگ | ایوب بک بائنڈر — Designing & Setting: BABAR JAFAR |
| تصحیح | محمد زبیر شیخ / زاہد محمود (معلم العلوم العربیہ جامعہ قاسم العلوم۔ملتان) |
| تعداد اشاعت | 1000 — ایڈیشن اول نومبر 2010ء — ایڈیشن دوم نومبر 2019ء |


## ملنے کا پتہ


حی علی الفلاح محمد عمر خان

0300 - 0322
0310 - 0347 6366221

0334-6066221

061-4586619
061-4588801

پرانی غلہ منڈی گلی بن لوہاراں، بوہڑ گیٹ ملتان

mukmultan@gmail.com
www.facebook.com/umarkhan061


## سند

اس کتاب میں درج ہر لفظ کو میں نے حرف بحرف پورے غور وخوض اور نظر عمیق سے دیکھا ہے اور میں تصدیق کرتا ہوں کہ اس میں کتابت اعراب، صحت لفظی اور خوشخطی کو بطریق احسن ملحوظ رکھا گیا ہے اور ممکنہ حد تک مکمل مسودہ ہر قسم کی اغلاط سے مبرأ ہے

مُصَحِّح کا کتاب کے متن سے اتفاق ضروری نہیں

فَجَزَاهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ الْجَزَاءِ

محمد زبیر شیخ
فاضل جامعہ محمدیہ ملتان

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | اظہار تشکر | 8 |
| 2 | صرف اللہ سے مانگو | 9 |
| 3 | رسول اللہ ﷺ کی وصیت | 10 |
| 4 | محشر میں پہلا سوال | 10 |
| 5 | محبت رسول ﷺ | 11 |
| 6 | پڑوسی کا حق | 11 |
| 7 | مسلمان کا دل خوش کرنا | 12 |
| 8 | دو قابل رشک آدمی | 13 |
| 9 | آنکھوں کا رونا | 14 |
| 10 | 9 باتوں کا حکم | 15 |
| 11 | عذاب الٰہی کے مستحق لوگ | 16 |
| 12 | 5 چیزوں کا حکم | 17 |
| 13 | برائی سے روکنے کی 3 صورتیں | 17 |
| 14 | محبوب اور مبغوض لوگ | 18 |
| 15 | طالب علم کا صلہ | 19 |
| 16 | اللہ سے ملاقات کا شوق | 20 |
| 17 | دعا کے لئے ہاتھ اٹھانا | 20 |
| 18 | انعام الٰہی | 21 |
| 19 | صدقہ دینے کا صحیح وقت | 22 |
| 20 | زبان کی اصلاح | 23 |
| 21 | پڑوسی کی اہمیت | 23 |
| 22 | نیت کا اجر | 24 |
| 23 | والدین کا حق | 24 |
| 24 | 4 انعامات | 25 |
| 25 | افضل کام | 26 |
| 26 | حرام کمائی کا انجام | 27 |
| 27 | رشوت | 28 |
| 28 | سود | 28 |

# فہرست


| نمبرشمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 29 | حسد | 28 |
| 30 | ریاکاری | 29 |
| 31 | آگ سے بچو | 30 |
| 32 | احترام وشفقت | 31 |
| 33 | نیکیوں کے فوائد | 31 |
| 34 | صبر کا بدلہ | 32 |
| 35 | کتا اور تصویر کی ممانعت | 32 |
| 36 | والدین سے حسن سلوک | 33 |
| 37 | منافقانہ رویے | 34 |
| 38 | مسلمان کا حق | 35 |
| 39 | توبہ | 36 |
| 40 | جہنم کا عذاب | 37 |
| 41 | مال ذخیرہ کرنے کا طریقہ | 38 |
| 42 | عذاب سے محفوظ رہنے والے | 39 |
| 43 | جنت کے بالاخانے | 40 |
| 44 | جنت کی زندگی | 41 |
| 45 | مال کے 3 حصے | 42 |
| 46 | حسن اخلاق | 43 |
| 47 | فحش بات | 43 |
| 48 | جنت کے طالب بنو | 44 |
| 49 | غصہ | 45 |
| 50 | رسول اللہ ﷺ کا ساتھ | 46 |
| 51 | نیکی کا تصور اور معیار | 47 |
| 52 | یتیم کے ساتھ حسن سلوک | 48 |
| 53 | مومن کا معیار | 48 |
| 54 | جذبہ شکر پیدا کرنے کی تدبیر | 49 |
| 55 | غیبت اور بہتان | 50 |
| 56 | غیبت کرنے کا نقصان | 51 |

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 57 | مسلمان بھائی سے قطع تعلق | 52 |
| 58 | صبر کا پھل | 52 |
| 59 | والدین سے حسن سلوک | 53 |
| 60 | خیرات وہدیہ واپس نہ لو | 54 |
| 61 | سلام کرنے کی اہمیت | 55 |
| 62 | چار چیزیں | 55 |
| 63 | مومنانہ صفات | 56 |
| 64 | بڑی نیکی | 57 |
| 65 | نکما، عاجز اور بخیل شخص | 57 |
| 66 | مومن کی زبان | 57 |
| 67 | جامع نصیحت | 58 |
| 68 | 5 سوالوں کا جواب | 59 |
| 69 | اپنی آخرت کی بربادی | 60 |
| 70 | عقلمند کون؟ | 60 |
| 71 | 6 کام جنت کی ضمانت | 61 |
| 72 | کسی کی مصیبت پر خوش نہ ہو | 62 |
| 73 | حلال حرام کی تمیز | 62 |
| 74 | جنت کی ضمانت | 63 |
| 75 | اطاعت | 64 |
| 76 | منافق کی نشانی | 65 |
| 77 | اللہ سے شرمانہ | 66 |
| 78 | تدبیر اور توکل | 67 |
| 79 | جھوٹ | 68 |
| 80 | دعا کرنے والوں کے 3 اجر | 69 |
| 81 | مفلس کون؟ | 70 |
| 82 | قبولیت دعا میں رزق کا اثر | 71 |
| 83 | اسلحہ سے اشارہ کرنا | 72 |
| 84 | فوت شدہ کی برائی نہ کرنا | 72 |

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر | نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 85 | صرف اللہ کی قسم کھانا | 73 | 99 | فسق و کفر | 84 |
| 86 | بچوں کو سلام | 73 | 100 | اسلام کی خوبی | 85 |
| 87 | بدگمانی اور بغض | 74 | 101 | مسلمان بھائی کی تحقیر | 85 |
| 88 | صبر و شکر | 75 | 102 | آخرت کی پہلی منزل | 86 |
| 89 | 5 برے کام | 76 | 103 | ناجائز وصیت کی سزا دوزخ ہے | 87 |
| 90 | ریا کاری شرک ہے | 77 | 104 | جیسا گمان ویسا معاملہ | 88 |
| 91 | اچھے اوصاف کی تلقین | 78 | 105 | سب سے بڑی خیانت | 89 |
| 92 | خیانت کرنے ممانعت | 79 | 106 | فرشتوں کی دعا | 90 |
| 93 | کاروبار میں جھوٹی قسم | 80 | 107 | اللہ تعالیٰ کا احسان | 91 |
| 94 | کاروبار میں شراکت | 80 | 108 | متقی تاجروں کا انجام | 92 |
| 95 | بخشش فقط اللہ کا کام | 81 | 109 | قسمیں کھانے کا نقصان | 92 |
| 96 | سرگوشی | 81 | 110 | لعنت کا مستحق کون؟ | 93 |
| 97 | غصہ پی جانے کا صلہ | 82 | 111 | افضل مسلمان | 94 |
| 98 | قرض دار کے ساتھ نرمی | 83 | 112 | زبان و شرم گاہ کی حفاظت | 94 |

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 113 | میت پر نوحہ منع ہے | 94 |
| 114 | بولو تو اچھا بولو | 95 |
| 115 | فضول باتوں کا اثر | 95 |
| 116 | ہر سنی سنائی آگے نہ سناؤ | 95 |
| 117 | مسلمان کی آبرو | 96 |
| 118 | چغل خور | 96 |
| 119 | صلح کی اہمیت | 96 |
| 120 | جنت میں جانے والے اعمال | 97 |
| 121 | بدعمل واعظ کا انجام | 98 |
| 122 | ذخیرہ اندوزی | 99 |
| 123 | ہمسائے کا حق | 100 |
| 124 | خراب مال کا غیب بیان کرنا | 101 |
| 125 | ادائیگی قرض میں نیت کا اثر | 101 |
| 126 | 11 اہم اعمال | 102 |
| 127 | جنت کا حرام ہونا | 103 |
| 128 | کفر کا مرتکب ہونا | 103 |
| 129 | چغلی اور پیشاپ کی چھینٹیں | 104 |
| 130 | دوزخا پن | 105 |
| 131 | سونا مرد پر حرام ہے | 106 |
| 132 | چار شہید | 107 |
| 133 | 3 وصیتیں | 108 |
| 134 | جنت سے محروم اور مستحق لوگ | 109 |
| 135 | راز فاش نہ کرنا | 110 |
| 136 | خرید وفروخت میں نرمی کا حکم | 111 |
| 137 | صادق وامین تاجر کا رتبہ | 111 |
| 138 | 10 باتوں کی وصیت | 112 |

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

اسلام علیکم و رحمۃ اللہ وبرکاتہ

# اظہار تشکر

یوں تو اس وقت مارکیٹ میں منتخب احادیث کی بے شمار کتب موجود ہیں اور سب مفید اور قابل استفادہ ہیں۔ مگر ہمارا نقطہ نظر ذرا مختلف ہے ہم چاہتے ہیں کہ ایسی کتب عام کی جائیں جنہیں پڑھ کر انفرادی نیکیوں کے ساتھ ساتھ اجتماعی نیکیوں کا شعور اجاگر ہو، تا کہ پورا معاشرہ دینی تعلیمات کا مظہر بنے

چنانچہ اس کتاب میں ایسی مستند احادیث کا انتخاب کیا گیا ہے جن کا تعلق انفرادیت کے ساتھ ساتھ اجتماعیت ، معاملات اور پورے معاشرے و ماحول کی بہبود سے ہے، تا کہ نیکیاں پورے معاشرے میں پھلیں پھولیں ۔ نیز ہمارے معاملات ،تعلّقات اور اجتماعی روّیے بہتر ہوں اور ہمارے اندر وہ کون سی ایسی خوبیاں ہوں کہ جنہیں اختیار کر کے اس دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی سرخرو ہو سکتے ہوں نیز ہمیں کن کن کمزوریوں، کوتاہیوں اور غلطیوں سے دور رہنا چاہیے۔

کتاب کے ہر صفحہ کو خوبصورت ڈیزائن کر کے تیار کیا گیا ہے تا کہ کتاب کا حسن بڑھ جائے اور معنوی خوبی کے ساتھ ظاہری طور پر بھی یہ کتاب پر کشش بن جائے۔

اللہ تعالٰی سے دعا کرتا ہوں کہ ہماری یہ کاوشیں ہم سب کے لیے صدقہ جاریہ بن جائیں ( آمین )

والسلام الداعی الی الخیر محمد عمر خان

# صرف اللہ سے مانگو

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا —— اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ

اے میرے بندو! میں نے اپنے اوپر ظلم کو حرام کرلیا ہے تو تم بھی ایک دوسرے پر ظلم کرنے کو حرام سمجھو

اے میرے بندو! تم میں سے ہر ایک گمراہ ہے سوائے اس شخص کے جس کو میں ہدایت دوں پس مجھ سے ہدایت کی دعا مانگو تو میں تمہیں ہدایت دوں گا

اے میرے بندو! تم میں سے ہر ایک بھوکا ہے سوائے اس شخص کے جس کو میں کھلا دوں پس مجھ سے روزی مانگو تو میں تمہیں کھلاؤں گا

اے میرے بندو! تم میں سے ہر ایک ننگا ہے سوائے اس شخص کے جس کو میں پہناتا ہوں تو مجھ سے کپڑا مانگو میں تمہیں پہناؤں گا

اے میرے بندو! تم رات میں اور دن میں گناہ کرتے ہو اور میں سارے گناہ معاف کرسکتا ہوں، پس تم مجھ سے معافی مانگو میں تمہیں معاف کردوں گا

حضرت ابوذرؓ مسلم 2577

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وصیّت

میں تمہارے لئے 2 چیز چھوڑ کر جا رہا ہوں جسے اگر تم نے مضبوطی سے تھامے رکھا تو ہرگز گمراہ نہ ہو گے



یعنی اللہ کی کتاب اور اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ

حضرت عبداللہ بن عباسؓ
مستدرک حاکم 318

## محشر میں پہلا سوال

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

قیامت کے دن سب سے پہلے نماز کا حساب لیا جائے گا
اگر بندہ اس میں پورا اترا تو بقیہ اعمال میں بھی کامیاب ہو گا

**اور اگر نماز میں پورا نہ اتر سکا تو بقایا تمام اعمال بھی خراب ہو جائیں گے**

حضرت ابوہریرہؓ، ترمذی 413

کنز الحدیث

## محبتِ رسول ﷺ

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک کہ میں اس کی نگاہ میں اس کے باپ، اسکے بیٹے اور سارے انسانوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں

بخاری 15 مسلم 44

## پڑوسی کا حق

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

وہ شخص مومن نہیں ہوسکتا جو خود تو پیٹ بھر کر کھانا کھائے اور اس کا پڑوسی جو اس کے پہلو میں رہتا ہو بھوکا رہے

حضرت ابن عباسؓ شعب الایمان 3117

# مسلمان کا دل خوش کرنا

رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا کہ

## سب سے اچھا عمل کون سا ہے؟

آپ ﷺ نے فرمایا

کسی مسلمان کا دل خوش کر دینا

اگر بھوکا ہو تو کھانا کھلا دینا

اس کے پاس کپڑے نہ ہوں تو کپڑوں کی ضرورت پوری کر دینا یا اُس کی کوئی اور ضرورت پوری کر دینا

المعجم الکبیر للطبرانی
13646

کنز الحدیث

# دو قابل رشک آدمی

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دو ہی آدمی رشک کے قابل ہیں

1

وہ جسے اللہ نے قرآن کا علم دیا
اور وہ اسے پڑھتا پڑھاتا اور اس پر عمل
کرتا ہے رات کے اوقات میں بھی دن
کے اوقات میں بھی

2

وہ شخص جس کو اللہ نے مال دیا اور
وہ اسے رات اور دن کے اوقات
میں صحیح جگہ پر خرچ کرتا
ہے

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ

مسند احمد 4550

بخاری 7529

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

# آنکھوں کا رونا

قیامت کے دن ہر آنکھ روئے گی سوائے

اس آنکھ کے جو کسی حرام چیز پر نگاہ ڈالنے سے محفوظ رہی

اور وہ آنکھ بھی

قیامت کے دن نہیں روئے گی جو اللہ کی راہ میں جاگی ہو گی

یعنی جہاد میں پہرہ دینے والی آنکھ

اور وہ آنکھ بھی

قیامت کے دن نہیں روئے گی

جس سے دنیا میں اللہ کے ڈر سے مکھی کے سر جتنا بھی آنسو نکلا ہو

حلیۃ الاولیاء ج:3، ص:163

کنز الحدیث

# رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میرے رب نے مجھے 9 باتوں کا حکم دیا ہے

کھلے اور چھپے ہر حال میں
اللہ سے ڈروں

چاہے امیر ہوں یا فقیر
اعتدال پر قائم رہوں

کسی پر خوش ہوں یا غصے
میں ہوں دونوں حالتوں میں
انصاف کی بات کہوں

جو مجھ سے کٹے
میں اس سے جڑوں

جو مجھے محروم کرے
میں اسے دوں

میری گفتگو
ذکرِ الٰہی کی گفتگو ہو

میری نگاہ
عبرت کی نگاہ ہو

میری خاموشی
غور و فکر کیلئے ہو

جو مجھ پر زیادتی کرے
میں اسے معاف کروں

اصلاح المال
لابن ابی الدنیا
328

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

## عذاب الٰہی کے مستحق لوگ

جب کسی قوم یا بستی میں

بدکاری اور سود خوری

نمایاں طور پر ہونے لگے

تو یوں سمجھو کہ

ان لوگوں نے اپنے آپ کو
عذاب الٰہی کا مستحق بنالیا

حضرت عبداللہ بن عباسؓ مستدرک حاکم 2261

# 5 چیزوں کا حکم

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

میں تمہیں پانچ چیزوں کا حکم دیتا ہوں

جماعت کا (جماعتی زندگی گزارنے کا)

سننے کا (امیر کی بات غور سے سنو)

اطاعت کا (امیر کی اطاعت کرو)

ہجرت کا

جہاد فی سبیل اللہ کا

حضرت حارث اشعریؓ مسند احمد 17800 ترمذی 2863

# بُرائی سے روکنے کی 3 صورتیں

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

تم میں سے جب کوئی شخص بُرائی دیکھے تو اس کو اپنے ہاتھ سے روکے اگر اس کی طاقت نہ رکھتا ہو تو اس کو اپنی زبان سے روکے اگر اس کی بھی طاقت نہ رکھتا ہو تو دل میں اس بُرائی کو برا جانے

(دل میں برا جاننا) یہ ایمان کا کمزور ترین درجہ ہے

حضرت ابو سعید خدریؓ مسلم 49 سنن نسائی 5008

# محبوب اور مبغوض لوگ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

تم میں میرے سب سے زیادہ محبوب وہ ہیں
جو بہترین اخلاق والے ہوں نرم مزاج ہوں
وہ لوگوں سے محبت رکھتے ہوں اور لوگ ان
سے محبت کرتے ہوں اور تم میں میرے نزدیک

سب سے زیادہ ناپسندیدہ وہ لوگ ہیں

جو چغل خور ہوں، دوستوں کے درمیان
جدائی ڈالنے والے ہوں اور بے گناہ لوگوں
پر تہمت لگانے والے ہوں

المعجم الصغیر
للطبرانی:835

# طالب علم کا صلہ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

جو شخص علم دین حاصل کرنے کے لیے سفر کرے تو اللہ تعالیٰ
اس کے لیے جنت کی راہ آسان کر دے گا اور جو لوگ اللہ
کے گھروں میں سے کسی گھر (یعنی مسجد) میں اکٹھے ہو کر

**اللہ کی کتاب پڑھتے اور اس پر بحث و گفتگو کرتے ہیں**

ان پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایمانی سکون نازل ہوتا ہے
رحمت ان کو ڈھانپ لیتی ہے، فرشتے ان کو گھیر لیتے ہیں
اور اللہ تعالیٰ ان لوگوں کا ذکر اپنے فرشتوں کی مجلس میں
فرماتے ہیں اور جس کو اس عمل نے پیچھے ڈال دیا اس کا
نسب اسے آگے نہیں بڑھا سکتا

حضرت ابو ہریرہؓ، مسلم 2699

## اللہ سے ملاقات کا شوق

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

جو شخص اللہ سے ملنے کو پسند کرتا ہے تو اللہ بھی اس سے ملنے کو پسند کرتا ہے اور جو شخص اللہ سے ملنے کو ناپسند کرتا ہے تو اللہ بھی اس سے ملنے کو ناپسند کرتا ہے

مسلم 2683

## دعا کے لئے ہاتھ اٹھانا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

اللہ تعالیٰ حیاء دار اور سخی ہے جب کوئی بندہ اپنے دونوں ہاتھ اس کے سامنے پھیلاتا ہے تو

اللہ تعالیٰ کو اسے ناکام اور خالی ہاتھ لوٹانے میں شرم آتی ہے

ابوداؤد: 1488 ابن ماجہ :3865 ترمذی: 3556

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

# انعام الٰہی

جو شخص اپنے بستر پر اس نیت اور ارادے
کے ساتھ لیٹا کہ وہ تہجد کیلئے اٹھے گا لیکن
اس کو گہری نیند آگئی اور وہ اٹھ نہیں سکا
یہاں تک کے فجر طلوع ہوگئی تو ایسے شخص
کے نامہ اعمال میں اسکی نیت کے مطابق
نماز تہجد لکھی جائے گی اور یہ نیند اس کیلئے
اس کے رب کی طرف سے بطور
**انعام** شمار ہوگی

حضرت ابو درداءؓ

ابن ماجہ:1344 نسائی:1787

# صدقہ دینے کا صحیح وقت

ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ

**کونسا صدقہ اجر کے لحاظ سے بڑا ہے؟**

آپ ﷺ نے فرمایا

جو تندرستی کی حالت میں کرے، جب مال کی

حرص رکھتا ہو، فقر سے ڈرتا ہو اور دولت کی امید رکھتا ہو

لہٰذا صدقہ کرنے میں جلدی کرو ایسا نہ ہو کہ جان لبوں پہ آجائے تو پھر کہنے لگے کہ اتنا فلاں کو دے دو اور اتنا فلاں کو حالانکہ اس وقت یہ مال اس کا نہیں بلکہ اس کے وارثوں کا ہوتا ہے

مسلم 1032

# زبان کی اصلاح

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

کسی بندے کا ایمان اس وقت تک درست نہیں ہو سکتا
جب تک کہ اسکا
**دل درست نہ ہو**
اور اس کا دل اس وقت تک ٹھیک نہیں ہو سکتا
جب تک کہ اس کی
**زبان کی اصلاح نہ ہو**

حضرت انسؓ۔ مسند احمد 13048

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

## پڑوسی کی اہمیت

کوئی ایسا شخص جنت میں نہ جا سکے گا جس کے پڑوسی اسکے شر سے محفوظ نہ ہوں

مسند احمد 13048

# نیت کا اجر

رسول اللہ ﷺ نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا

ہر اچھے کام میں اپنی نیت کو ہر کھوٹ سے پاک رکھو
تو تھوڑا عمل بھی تمہاری نجات کیلئے کافی ہوگا
مستدرک حاکم 7844

## والدین کا حق

ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا کہ والدین کا حق ان کی اولاد پر کیا ہے؟

آپ ﷺ نے فرمایا

وہ تمہاری جنت بھی ہیں اور جہنم بھی

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ
ابن ماجہ 3662

یعنی والدین کی خدمت کر کے جنت کما لیں یا
انہیں تکلیف پہنچا کر جہنم کی آگ کا سامان کر لیں

# 4 انعامات

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

چار نعمتیں جس شخص کو مل جائیں تو اسے دنیا و آخرت کی ہر بھلائی مل گئی

1 اللہ کی نعمتوں پر شکر سے معمور **دل**

2 اللہ کا ذکر اور چرچا کرنیوالی **زبان**

3 مصیبتوں کو سہنے والا **جسم**

4 ایسی بیوی جو شوہر کے مال کی حفاظت کرتی ہو اور عفت و عصمت کے ساتھ زندگی گزارتی ہو

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ
شعب الایمان
4115

# افضل کام

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے
رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا

## کون سا کام افضل ہے؟

آپ ﷺ نے فرمایا

**وقت پر نماز ادا کرنا**

میں نے پوچھا پھر کون سا عمل افضل ہے؟

آپ ﷺ نے فرمایا

تمہاری زبان سے کسی کو تکلیف نہ پہنچے

(یعنی)

نہ برا بھلا کہو

نہ غیبت کرو

نہ کسی پر تہمت لگاؤ

المعجم الکبیر
للطبرانی
9802

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

# حرام کمائی کا انجام

کوئی بندہ حرام مال کمائے پھر اس میں سے خدا کی راہ میں صدقہ کرے تو یہ صدقہ اس کی طرف سے قبول نہیں کیا جائے گا

اور اگر اپنی ذات اور گھر والوں پر خرچ کرے گا تو برکت سے خالی ہوگا اور اگر وہ اس کو چھوڑ کر مَرا تو اس کے جہنم کے سفر میں زادِ راہ بنے گا

## اللہ تعالیٰ

بُرائی کو بُرائی کے ذریعے سے نہیں مٹاتا ہے بلکہ برے عمل کو اچھے عمل سے مٹاتا ہے خبیث، خبیث کو نہیں مٹاتا

(حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، مسند احمد 3672)

کنز الحدیث

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

**رشوت** اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی رشوت دینے والے اور رشوت لینے والے پر

مسند احمد 9021

**سود** رسول اللہ ﷺ نے لعنت بھیجی سود کھانے والے پر، سود کھلانے والے پر، ان دونوں کے گواہوں پر اور سود کے لکھنے والے پر مسلم 1598

**حسد** اپنے آپ کو حسد سے بچاؤ اس لئے کہ حسد نیکیوں کو اس طرح بھسم کر دیتا ہے جس طرح آگ لکڑی کو بھسم کر دیتی ہے

(ابو داؤد 4903)

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

# ریاکاری

جہنم میں ایک ایسی وادی ہے جس سے خود جہنم بھی ہر دن 400 بار پناہ مانگتی ہے

یہ وادی (گڑھا) محمد ﷺ کی امت کے مندرجہ ذیل ریاکاروں کیلئے تیار کی گئی ہے

1. ریا کی نیت سے کتاب اللہ کا علم حاصل کرنیوالا
2. لوگوں کو دکھانے کیلئے بیت اللہ کا حج کرنیوالا
3. دکھلاوے کیلئے صدقہ وخیرات کرنیوالا
4. اور ایسا ہی اللہ کی راہ میں جہاد کرنیوالا

المعجم الکبیر للطبرانی
12803

کنز الحدیث

# آگ سے بچو

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

تم میں سے ہر شخص سے اس طرح حساب ہوگا کہ اللہ تعالیٰ اور بندے کے درمیان کوئی وکالت اور ترجمانی کرنے والا نہ ہوگا

وہ اپنے دائیں طرف دیکھے گا تو اسے اپنے عمل کے سوا کوئی اور نظر نہ آئے گا پھر بائیں طرف دیکھے گا تو ادھر بھی سوائے اپنے اعمال کے کسی اور کو نہ پائے گا پھر وہ سامنے نظر ڈالے گا تو جہنم کو اپنے سامنے پائے گا

لہٰذا اے لوگو!

آگ سے بچنے کی فکر کرو اگرچہ ایک کھجور کا آدھا حصہ ہی تمہارے پاس ہو، اُسی کو دے کر آگ سے بچو

حضرت عدی بن حاتمؓ
بخاری: 6539
مسلم 1016

کنز الحدیث

# احترام وشفقت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

جو بڑوں کی عزت نہ کرے

چھوٹوں پر شفقت نہ کرے

نیکیوں کی تلقین نہ کرے

برائیوں سے نہ روکے

وہ ہم میں سے نہیں ہے

حضرت ابن عباسؓ

مسند احمد 2329

ترمذی 1921 1919

## نیکیوں کے فوائد

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

دوسروں کے ساتھ احسان کرنے سے آدمی بری موت مرنے سے بچا رہتا ہے پوشیدہ صدقہ کرنے سے اللہ تعالیٰ کا غصہ بجھا رہتا ہے رشتہ داروں کے حقوق ادا کرنے سے عمر میں برکت ہوتی ہے

حضرت ابو امامہؓ۔ المعجم الکبیر للطبرانی 8014

کنز الحدیث

## صبر کا بدلہ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جب میں اپنے بندہ مومن کی 2 محبوب چیزیں لے لوں (یعنی 2 آنکھیں) اور وہ اس پر صبر کرے تو اس کے لیے میرے پاس جنت کے سوا کوئی اور بدلہ نہیں ہے

حضرت ابوہریرہؓ، بخاری 5653

## گھر میں کتا اور تصویر کی ممانعت

جس گھر میں کتا یا تصویر ہو اس میں رحمت کے فرشتے داخل نہیں ہوتے

حضرت ابوطلحہؓ بخاری 3225 مسلم 2106




## انتقال کے بعد اولاد ان سے یہ حسن سلوک کرے کہ

ان کیلئے **دعاأ استغفار** کرے

ان کی **وصیتیں** پوری کرے

رشتہ داروں کیساتھ **اچھا سلوک** کرے

## ماں باپ کے دوست اور احباب کی عزت اور خاطر داری کرے

ابوداؤد 5142 ابن ماجہ 3664

# منافقانہ روّیے

رسول اللہ ﷺ منبر پر

تشریف لائے اور نہایت بلند آواز سے فرمایا "اے وہ لوگو! جو اپنی زبان سے اسلام لائے ہو اور ایمان تمہارے دلوں میں نہیں اترا ہے تم لوگ مسلمانوں کو ایذا نہ پہنچاؤ اور نہ ان کو عار دلاؤ اور نہ ان کے عیوب کے پیچھے پڑو جو لوگ اپنے مسلمان بھائی کے عیب کے پیچھے پڑیں گے تو اللہ ان کے عیب کے پیچھے پڑ جائے گا اور جس شخص کے عیب کے پیچھے اللہ پڑ جائے گا اسے رسوا کر ڈالے گا اگرچہ وہ اپنے گھر کے اندر ہی کیوں نہ ہو

(حضرت عبداللہ بن عمرؓ)

ترمذی 2032

# مسلمان کا حق

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

## مسلمان مسلمان کا بھائی ہے

نہ تو اس پر ظلم کرتا ہے اور نہ اس کو بے یار و مدد گار چھوڑتا ہے اور جو اپنے بھائی کی حاجت پوری کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری کرے گا اور جو شخص کسی مسلمان کی کسی پریشانی کو دور کرے گا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پریشانی کو دور کرے گا اور جو شخص کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرے گا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی فرمائے گا

حضرت عبداللہ بن عمرؓ

بخاری: 2442

مسلم: 2580

# توبہ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

جب بندہ کوئی گناہ کرتا ہے تو

اس کے دل پر ایک سیاہ دھبہ پڑ جاتا ہے اس کے بعد اگر

وہ اس گناہ کو چھوڑ دیتا اور معافی مانگ لیتا ہے تو وہ

دھبہ ختم کر دیا جاتا ہے لیکن اگر وہ گناہ کرتا رہا تو وہ دھبہ

بڑھتا جاتا ہے یہاں تک کہ اس کے پورے دل پر چھا جاتا ہے

اسی حالت کا نام رَین ہے جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے اپنی

کتاب میں کیا ہے كَلَّا بَلْ ۜ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۴﴾

ہرگز نہیں بلکہ دراصل ان لوگوں کے دلوں پر ان کے برے

اعمال کا زنگ چڑھ گیا ہے

(83 المطففین 14)

حضرت ابوہریرہؓ

ترمذی: 3334، ابن ماجہ: 4244

سنن کبریٰ للنسائی: 10179

رسول ﷺ نے فرمایا

# جھنم کا عذاب

## جھنم میں سب سے کم
## عذاب والا وہ شخص ہوگا

جس کے دونوں پاؤں کے نیچے جھنم
کی آگ کے دو انگارے ہوں گے
جن سے اس کا دماغ اسطرح کھولے گا

جس طرح چولہے پر رکھی
ہوئی دیگچی کھولتی ہے

بخاری 6561 مسلم 213

# مال ذخیرہ کرنے کا طریقہ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

اے آدم کے بیٹے!
تو اپنا خزانہ میرے پاس
جمع کر

جہاں
نہ آگ لگنے کا خطرہ
نہ پانی میں ڈوبنے کا
اندیشہ

اور نہ کسی چور کی
چوری کا ڈر

میرے پاس رکھا گیا
یہ خزانہ میں پورا
تجھے اس دن
لوٹاؤں گا

جس دن تجھے
اس کی سب سے
زیادہ ضرورت ہوگی

حضرت حسنؓ۔ شعب الایمان: 3071

کنز الحدیث

# اللہ کے عذاب سے محفوظ رہنے والے

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

اللہ کے کچھ بندے ایسے ہیں جن کو
اس نے لوگوں کی (مختلف) ضروریات
پوری کرنے کیلئے پیدا کیا ہے لوگ
اپنی حاجات لئے ہوئے ان کے
پاس جاتے ہیں تو وہ (اللہ کی توفیق سے)
ان کی ضرورتیں پوری کرتے ہیں
ایسے لوگ قیامت کے دن اللہ کے
عذاب سے محفوظ رہیں گے

حضرت
عبداللہ بن عمرؓ

المعجم الکبیر للطبرانی
13334

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

# جنت کے بالاخانے کن کیلئے؟

جنت میں ایسے بالا خانے ہیں جن کا

اندرونی حصہ باہر اور بیرونی حصہ اندر سے نظر آتا ہے

آپ ﷺ سے پوچھا
یہ بالاخانے کن لوگوں کے حصے میں آئیں گے؟

آپ ﷺ نے فرمایا
پاکیزہ گفتگو کرنے والوں

غریبوں کو کھانے کھلانے والوں

اوران لوگوں کے حصے میں آئیں گے

جو تہجد کیلئے اس وقت اٹھیں جبکہ لوگ سو رہے ہوں

حضرت عبداللہ بن عمرؓ

مسند احمد 6615

# جنت کی زندگی

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

جو لوگ جنت میں جائیں گے

وہ ہمیشہ خوشحال رہیں گے

فکر و فاقہ سے دوچار نہیں ہوں گے

ان کے کپڑے پرانے نہیں ہوں گے

اور نہ ان کی جوانی کبھی ختم ہوگی

جنت میں ایسی نعمتیں ہیں جن کو

نہ تو کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے سنا

اور نہ کسی انسان کے تصور میں آئیں

حضرت ابو ہریرہؓ مسلم 2837

# مال کے ۳ حصے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

جو کھا لیا وہ تو
ختم ہو گیا جو پہن
لیا وہ بوسیدہ ہو گیا
اور جو کچھ اللہ کی
راہ میں دیا وہی
اُس نے آخرت
کیلئے جمع کیا

**بندہ**
کہتا ہے کہ یہ میرا مال ہے
میرا مال ہے حالانکہ اُس کے
لئے اُس کے مال میں صرف
تین حصے ہیں

حضرت ابو ہریرہؓ مسلم 2959

اس کے سوا جو کچھ ہے
وہ اُس کا نہیں ہے، اُسے تو وہ
اپنے ورثاء کیلئے چھوڑ جائے گا
**اور خود خالی ہاتھ**
جائے گا



# حُسنِ اخلاق



رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

سب سے وزنی چیز جو قیامت کے دن مومن کے میزان (ترازو) میں رکھی جائے گی وہ اس کا **حُسنِ اخلاق** ہوگا اور اللہ تعالیٰ اس شخص سے بُغض رکھتا ہے جو زبان سے بے حیائی کی بات نکالتا ہے اور بدزبانی کرتا ہے

حضرت ابوالدرداءؓ۔ ترمذی 2002

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

**فحش بات** کہنے والا اور فحش بات کی اشاعت کرنے والا یہ دونوں گناہ میں برابر ہیں

حضرت علیؓ۔ الادب المفرد 324

# جنت کے طالب بنو

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

اے لوگو! انتہائی کوشش کے
ساتھ جنت کے طالب بنو اور اپنی
کوشش بھر جہنم سے بچنے کی فکر کرو
کیونکہ جنت ایسی چیز ہے جس کا چاہنے والا
سو نہیں سکتا اور آگ بھی ایسی چیز ہے جس سے بھاگنے
والا سو نہیں سکتا اور آخرت ناخوشگواریوں سے گھیر دی
گئی ہے اور دنیا لذات و مرغوبات سے گھری ہوئی ہے
پس دنیا کی لذتیں اور مرغوبات تم کو غافل نہ کریں

المعجم الکبیر للطبرانی
449

# غصہ

طاقتور وہ شخص نہیں ہے جو کشتی میں دوسروں کو پچھاڑ دے بلکہ طاقتور تو در حقیقت وہ ہے جو غصے کے موقع پر اپنے اوپر قابو رکھتا ہے

حضرت ابوہریرہؓ بخاری 6114

آپ ﷺ نے فرمایا

غصہ شیطانی اثر کا نتیجہ ہے اور شیطان آگ سے پیدا کیا گیا ہے اور آگ صرف پانی سے بجھتی ہے تو جس کسی کو غصہ آئے اسے چاہیئے کہ وہ وضو کرلے

ابوداؤد 4784

نوٹ

جن احادیث میں غصے کو شیطانی اثر کہا گیا ہے یہ وہ غصہ ہے جو اپنی ذات کیلئے آئے، یا عادتاً یا تکبر کی وجہ سے آئے، لیکن وہ غصہ جو مومن کو دین کے دشمنوں پر آتا ہے وہ غصہ نہایت عمدہ صفت ہے، اگر کوئی دین کو تباہ کرنے آرہا ہے تو اس وقت غصے کا نہ آنا ایمان کی کمی کی علامت ہے

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

# رسول اللہ ﷺ کا ساتھ کس کو نصیب ہوگا؟

9 بڑے بڑے گناہ ہیں

- اللہ کے ساتھ دوسروں کو شریک کرنا
- مومن کو ناحق قتل کرنا
- جہاد سے بھاگنا
- کسی پاکدامن عورت پر تہمت لگانا
- جادو سیکھنا یا سکھانا
- یتیم کا مال کھانا
- سود کھانا
- مسلمان والدین کے حقوق ادا نہ کرنا
- اللہ کے گھر کی بے حرمتی کرنا

کوئی ایسا شخص جوان بڑے گناہوں سے دور رہا ہو اور ٹھیک سے نماز پڑھتا اور زکوٰۃ دیتا رہا ہو وہ ضرور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ وسیع وکشادہ جنت میں رہے گا جس کے دروازے سونے کے ہوں گے

حضرت عبیدؓ ولد حضرت عمیرؓ
المعجم الکبیر للطبرانی 101

کنز الحدیث

# نیکی کا تصور اور معیار

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

## تو نیکی کے کام کو حقیر نہ سمجھ

یہ بھی نیکی ہے
اپنے ڈول کا پانی اپنے بھائی کے برتن میں انڈیل دے

یہ بھی نیکی ہے
دو آدمیوں کے درمیان صلح کرا دو

یہ بھی نیکی ہے
تو اپنے بھائی سے خندہ پیشانی سے ملے

یہ بھی نیکی ہے
تمہارا ہر قدم جو نماز کیلئے اٹھتا ہے

یہ بھی نیکی ہے
تم کسی کو اپنی سواری پر بٹھا لو یا اس کا بوجھ اپنی سواری پر رکھ لو

یہ بھی نیکی ہے
اچھی بات کہنا

یہ بھی نیکی ہے
راستے سے کانٹا یا پتھر ہٹا دینا

مسلم 2626

# یتیم کے ساتھ حُسنِ سلوک

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

- مسلمانوں کے گھروں میں سے **سب سے بہتر گھر** وہ ہیں جن میں کوئی یتیم ہو اور اس کے ساتھ اچھا سلوک کیا جاتا ہو اور
- مسلمانوں کا **سب سے بدتر گھر** وہ ہے جس میں کوئی یتیم ہو اور اس کے ساتھ برا سلوک کیا جاتا ہو۔

حضرت ابوھریرۃ ؓ ابن ماجہ 3679

## مومن کا معیار

قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے کوئی شخص اس وقت تک مومن ہو ہی نہیں سکتا جب تک کہ وہ اپنے بھائی کے لئے وہی کچھ پسند نہ کرے جو وہ اپنے لئے پسند کرتا ہے

حضرت انس ؓ. بخاری 13 مسلم 45

وہ لوگ جو تم سے مال و دولت میں اور دنیاوی جاہ و مرتبہ میں کم ہیں ان کی طرف دیکھو (تو تمہارے اندر شکر کا جذبہ پیدا ہوگا)

اور ان لوگوں کی طرف نہ دیکھو جو تم سے مال و دولت میں اور دنیاوی ساز و سامان میں بڑھے ہوئے ہیں تاکہ جو نعمتیں تمہیں اس وقت ملی ہوئی ہیں وہ تمہاری نگاہ میں حقیر نہ ہوں

حضرت ابو ہریرہؓ
مسلم 2963

(ورنہ اللہ کی ناشکری کا جذبہ ابھر آئے گا)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

کیا تمہیں معلوم ہے کہ غیبت کیا ہے؟ لوگوں نے کہا "اللہ اور اس کے رسول اللہ ﷺ زیادہ واقف ہیں" آپ ﷺ نے فرمایا کہ "غیبت یہ ہے کہ تو اپنے بھائی کا ذکر ایسے طریقے سے کرے کہ جسے وہ ناپسند کرتا ہے" پھر آپ ﷺ سے پوچھا گیا کہ اگر وہ بات جو کہی جارہی ہے، میرے بھائی کے اندر پائی جاتی ہے کیا جب بھی وہ **غیبت** ہوگی؟

# غیبت اور بہتان

آپ ﷺ نے فرمایا

اگر وہ بات جو تو کہتا ہے اس کے اندر موجود ہو تو یہ غیبت ہے اور اگر اس کے متعلق وہ بات کہی جو اس کے اندر نہیں ہے تو تو نے اس پر **بہتان** لگایا۔

حضرت ابوہریرہؓ

مسلم 2589

# غیبت کرنے کا نقصان

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

## قیامت کے دن

آدمی کے پاس اس کا کھلا ہوا نامہ اعمال لایا جائے گا

(وہ اس کو پڑھے گا) اور عرض کرے گا اے میرے رب

میرے فلاں فلاں نیک کام اس میں نہیں ہیں

کہاں ہیں؟

اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ

لوگوں کی غیبت کرنے کی وجہ سے

وہ نیکیاں تمہارے نامہ اعمال سے

مٹا دی گئی ہیں

حضرت ابوامامہؓ
مساوئ الاخلاق للخرائطی: 191

## مسلمان بھائی سے قطع تعلق

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

حضرت ابوایوب انصاریؓ — بخاری 6077، مسلم 2560

آدمی کیلئے جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے بھائی سے تین راتوں سے زیادہ قطع تعلق کئے رکھے کہ دونوں راستے میں ایک دوسرے سے ملیں تو منہ پھیر لیں اور ان دونوں میں بہتر وہ شخص ہے جو سلام میں پہل کرے

## صبر کا پھل

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

جس کسی مسلمان کو کوئی قلبی تکلیف، کوئی جسمانی بیماری، کوئی دکھ اور غم پہنچتا ہے اور وہ اس پر صبر کرتا ہے تو اس کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ اسکی خطاؤں کو معاف فرماتا ہے یہاں تک کہ اگر اس کو ایک کانٹا بھی چبھ جاتا ہے تو وہ بھی اس کے گناہوں کی معافی کا سبب بن جاتا ہے

بخاری 5641 مسلم 2573

# والدین سے حسن سلوک

رسول اللہ ﷺ نے 3 مرتبہ فرمایا

## رَغِمَ اَنْفُہٗ رَغِمَ اَنْفُہٗ رَغِمَ اَنْفُہٗ

اُس کی ناک، خاک آلود ہوگئی (یعنی ذلیل ہوگیا وہ شخص)

صحابہ کرام نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ کون ذلیل ہوگیا

آپ ﷺ نے فرمایا

وہ شخص جس نے اپنے ماں باپ کو یا ان میں سے ایک کو بڑھاپے کے زمانے میں پایا ہو اور پھر جنت میں داخل نہ ہوا

حضرت ابو ہریرہؓ

مسلم 2551

54

# خیرات وہدیہ واپس نہ لو

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

ہدیہ کی ہوئی (یعنی تحفہ میں دی ہوئی) چیز واپس لینے والا اس کتے کی طرح ہے جو اپنی قے خود کھا جاتا ہے

حضرت عبداللہ بن عباسؓ

بخاری 2589
مسلم 1622

حضرت عمر فاروقؓ فرماتے ہیں
کہ میں نے فی سبیل اللہ ایک شخص کو گھوڑا دیا (یہ گھوڑا کسی مجاہد کو بطور صدقہ دیا تھا) مگر اس نے دیکھ بھال میں کوتاہی کی جس کی وجہ سے وہ گھوڑا نہایت کمزور ہو گیا تو میں نے چاہا کہ اس سے وہ گھوڑا خرید لوں اور خیال یہ تھا کہ شاید وہ سستا دے دے گا اس سلسلہ میں میں نے رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا، اسے اب نہ خریدو اور اپنی خیرات کی ہوئی چیز اگر تمہیں ایک درہم میں بھی ملتی ہو تو اسے نہ لو کیونکہ اپنی خیرات کو واپس لینے والا ایسا ہی ہے جو قے کر کے پھر اسے چاٹ لے

بخاری ، مسلم
1490 1620

# سلام کرنے کی اہمیت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

اس وقت تک تم لوگ جنت میں نہیں جا سکتے جب تک کہ تم مومن نہ بن جاؤ اور تم مومن نہیں بن سکتے جب تک کہ آپس میں محبت نہ کرنے لگو کیا میں تمہیں وہ تدبیر نہ بتا دوں کہ جس کو اگر تم اختیار کرو تو آپس میں ایک دوسرے سے محبت کرنے لگو اور وہ یہ ہے کہ **آپس میں سلام پھیلاؤ**

حضرت ابو ہریرہؓ
مسلم 54

# چار چیزیں

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

چار چیزیں تمہیں میسر ہوں تو دنیا کی کسی چیز سے محرومی تمہارے لئے نقصان دہ نہیں ہے

حضرت عبداللہ بن عمرؓ
مسند احمد 6652

خوش خلقی

روزی میں پاکیزگی

امانت کی حفاظت

سچی گفتگو

# مومنانہ صفات

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

دوسروں کیلئے وہی پسند کرو جو اپنے لئے پسند کرتے ہو تو مسلم بن جاؤ گے

زیادہ نہ ہنسو، کیونکہ زیادہ ہنسنا دل کو مردہ کردیتا ہے

اللہ کی حرام کی ہوئی چیزوں سے بچو تو سب سے بڑے عابد بن جاؤ گے

جتنا رزق اللہ نے تمہارے لئے مقدر فرما دیا ہے اس پر راضی رہو تو سب سے زیادہ غنی بن جاؤ گے

اپنے پڑوسی کیساتھ اچھا سلوک کرو تو مومن بن جاؤ گے

حضرت ابو ہریرہؓ، ترمذی 2305

## بڑی نیکی

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ بہت بڑی نیکی ہے کہ آدمی اپنے والد کے دوستوں کے ساتھ حسن سلوک کرے

مسلم 2552

## نکما، عاجز اور بخیل شخص

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

سب سے نکما اور عاجز شخص وہ ہے جو اپنے لئے اللہ تعالیٰ سے دعاء نہ مانگے اور سب سے بخیل شخص وہ ہے جو سلام میں بخل کرے (یعنی کسی کو سلام نہ کرے)

حضرت ابو ہریرہؓ

المعجم الاوسط للطبرانی 5591

## مومن کی زبان

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مومن بندہ نہ زبان سے حملہ کرنے والا ہوتا ہے نہ لعنت کرنے والا ہوتا ہے، نہ بدگو ہوتا ہے اور نہ گالی بکنے والا ہوتا ہے

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ

ترمذی 1977

جامع نصیحت

ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور اس نے کہا کہ مجھے نہایت مختصر اور جامع نصیحت فرمائیے

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

جب تم اپنی نماز پڑھنے کیلئے کھڑے ہو تو اس شخص کی طرح نماز پڑھو جو دنیا کو چھوڑ کر جانے والا ہے اور اپنی زبان سے ایسی بات نہ نکالو کہ اگر قیامت میں اس کا حساب ہو تو تمہارے پاس کچھ کہنے کیلئے نہ رہ جائے اور لوگوں کے پاس جو کچھ مال و اسباب ہے اس سے تم بالکل بے نیاز ہو جاؤ

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ

ابن ماجہ 4171

کنز الحدیث

# 5 سوالوں کا جواب قیامت کے دن

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

اللہ تعالیٰ کی عدالت سے آدمی اس وقت تک نہیں ہٹ سکتا جب تک کہ اس سے 5 باتوں کے بارے میں حساب نہ لے لیا جائے گا

؟ عمر کن مشاغل میں گذاری

؟ مال کہاں سے کمایا

؟ مال کہاں خرچ کیا

؟ جوانی میں جسم کو کس کام میں گھلایا

؟ دین کا علم حاصل کیا تو اس پر عمل کہاں تک کیا

ترمذی 2416

غیر کی دنیا بنانے کی خاطر اپنی آخرت کی بربادی

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

قیامت کے دن بدترین حال میں وہ شخص ہوگا جس نے دوسروں کی دنیا بنانے کی خاطر اپنی آخرت برباد کر ڈالی

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ
ابن ماجہ
3966

**عقلمند کون؟** ہوشیار درحقیقت وہ ہے

جس نے اپنے نفس کو قابو میں کیا اور موت کے بعد آنے والی زندگی کو سنوارنے میں لگ گیا اور جاہل وہ ہے جس نے اپنے آپ کو نفس کی ناجائز خواہشوں کے پیچھے لگایا اور اللہ پر غلط توقعات باندھیں

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ
ترمذی 2459

# چھ کام جنت کی ضمانت

**6** تم لوگ مجھے چیزوں کی ضمانت دو تو میں تمہیں جنت کی ضمانت دوں گا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

سچ بولنا

وعدہ پورا کرنا

امانت میں خیانت نہ کرنا

شرم گاہ کی حفاظت کرنا

نگاہیں پست رکھنا

ہاتھوں کو روک کر رکھنا

مسند احمد 22757

کسی کی مصیبت پر خوش نہ ہو

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

تو اپنے بھائی کی مصیبت پر خوشی کا اظہار نہ کرو ورنہ اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرمائے گا (اور اس سے مصیبت ہٹا دے گا) اور تجھے اس مصیبت میں مبتلا کر دیگا

حضرت واثلہؓ

ترمذی 2506

حلال حرام کی تمیز

لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا جس میں آدمی اس بات کی پرواہ نہیں کرے گا کہ اس نے جو مال کمایا ہے وہ حلال ہے یا حرام ہے

حضرت ابو ہریرہؓ، بخاری 2059

# جنت کی ضمانت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

جو شخص بحث و مباحثہ نہ کرے اگرچہ وہ حق پر ہی کیوں نہ ہو

تو میں اس کیلئے جنت کے گوشوں میں ایک گھر کا ذمہ لیتا ہوں

جو شخص جھوٹ نہ بولے اگرچہ ہنسی کے طور پر ہی کیوں نہ ہو

تو بھی میں اس کیلئے جنت میں ایک گھر کا ذمہ لیتا ہوں

اور جو اپنے اخلاق کو بہتر بنالے

تو پھر بھی میں اس کیلئے جنت کے سب سے اونچے حصے کا ذمہ لیتا ہوں

حضرت ابوامامہؓ ابوداؤد 4800

# اطاعت

كُلُّ أُمَّتِي يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ إِلَّا مَنْ أَبَى - قِيلَ - مَنْ أَبَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ - مَنْ أَطَاعَنِي دَخَلَ الْجَنَّةَ وَمَنْ عَصَانِي فَقَدْ أَبَى

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری امت کے تمام لوگ جنت میں داخل ہوں گے مگر وہ نہیں جو انکار کردے صحابہ کرام نے پوچھا یارسول اللہ ﷺ کون (جنت میں جانے سے) انکار کرے گا آپ ﷺ نے فرمایا جو میری اطاعت کرے گا وہ جنت میں داخل ہوگا اور جو میری نافرمانی کرے گا اُس نے (جنت میں جانے سے) انکار کردیا

بخاری 7280

ہم غور کریں کہ کیا ہماری زندگی میں اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کی اطاعت موجود ہے اور کیا ہم بھی جنت میں جانا چاہتے ہیں؟؟

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

# منافق کی نشانی

درج ذیل 4 خصلتیں

جس شخص میں ہوں گی وہ پکا منافق ہوگا۔ جس شخص کے اندر ان میں سے کوئی ایک خصلت ہوگی تو اس کے اندر نفاق کی ایک خصلت ہوگی یہاں تک کہ وہ اس کو ترک کردے

- ☆ جب اس کے پاس کوئی امانت رکھی جائے تو خیانت کرے
- ☆ جب گفتگو کرے تو جھوٹ بولے
- ☆ جب وعدہ کرے تو پورا نہ کرے
- ☆ جب کسی سے اس کا جھگڑا ہو جائے تو گالی گلوچ پر اتر آئے

حضرت عبداللہ بن عمرؓ
بخاری 2459 مسلم 58

## اللہ سے شرمانا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کو خطاب کر کے فرمایا

اللہ تعالیٰ سے پوری طرح شرماؤ'' ہم نے کہا

اے اللہ کے رسول ﷺ

خدا کا شکر ہے کہ ہم اللہ سے شرماتے ہیں

اللہ تعالیٰ سے شرمانے کا اتنا ہی مطلب نہیں ہے بلکہ اللہ سے پوری طرح شرمانے کا مطلب یہ ہے کہ تو اپنے سر اور سر میں آنے والے خیالات کی نگرانی کرتا رہے اور پیٹ کے اندر جانے والی غذا کی دیکھ بھال کرتا رہے اور موت کے نتیجہ میں سڑ گل جانے اور فنا ہو جانے کو یاد رکھے

ترمذی 2458

# تدبیر اور توکل

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

اگر تم اللہ پر اسطرح
طرح توکل کرو جس طرح کہ توکل
کرنے کا حق ہے تو وہ تم کو اسطرح روزی
دے جس طرح پرندوں کو روزی دی جاتی ہے
جو صبح سویرے خالی پیٹ آشیانوں
سے نکلتے ہیں اور شام کو آسودہ
ہو کر پلٹتے ہیں

حضرت عمرؓ
ترمذی 2344

## نوٹ

پرندوں کے ساتھ تشبیہہ دے کر رسول اللہ ﷺ نے اس حقیقت کو بے نقاب کیا ہے کہ توکل یہ نہیں ہے کہ انسان ہاتھ پر ہاتھ دھر کر گھر میں بیٹھا رہے بلکہ توکل یہ ہے کہ اللہ کے دیئے ہوئے اسباب و وسائل کو کام میں لاتے ہوئے نتائج اللہ کے حوالے کر دے تب کامیابی یقینی ہے



# جھوٹ

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

**جھوٹ بولنا کسی حال میں بھی جائز نہیں، نہ تو سنجیدگی کے ساتھ اور نہ ہی مذاق کے طور پر**

**اور یہ بھی جائز نہیں کہ تم میں سے کوئی اپنے بچے سے کسی چیز کے دینے کا وعدہ کرے اور پھر پورا نہ کرے**

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ الادب المفرد 387

## خرابی اور نامرادی ہے اس شخص کیلئے

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

**جو جھوٹی باتیں اس لئے کہتا ہے کہ لوگوں کو ہنسائے خرابی ہے، خرابی ہے اس کیلئے**

ترمذی 2315



# دعا کرنے والوں کے تین اجر

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

جب کوئی مسلم دعا کرتا ہے جس میں کوئی گناہ کی بات نہیں ہوتی اور نہ رشتہ داروں کے حقوق برباد کرنے کی بات ہوتی ہے تو اللہ ایسی دعا کو ضرور قبول فرماتا ہے

## یا تو اس دنیا میں ہی اس کی دعا قبول فرماتا ہے اور اس کا مقصد پورا ہو جاتا ہے

## اور یا آخرت میں اس کیلئے ذخیرہ بناتا ہے

حضرت ابو ہریرہؓ، ترمذی 3604

## اور یا اس پر کوئی مصیبت یا برائی آنے والی ہوتی ہے جسے وہ اس دعا کی بدولت دور فرما دیتا ہے

# مفلس کون

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

کیا تم جانتے ہو کہ دیوالیہ اور مفلس کون ہے؟

لوگوں نے کہا

مفلس ہمارے یہاں وہ شخص کہلاتا ہے
جس کے پاس نہ تو درہم ہو اور نہ کوئی سامان

آپ ﷺ نے فرمایا

کہ میری امت کا دیوالیہ وہ ہے جو قیامت کے دن اپنی نماز، روزہ اور زکوٰۃ کے ساتھ اللہ کے پاس حاضر ہوگا اور اسی کے ساتھ اس نے دنیا میں

کسی کو گالی دی ہوگی

کسی پر تہمت لگائی ہوگی

کسی کا مال کھایا ہوگا

کسی کو قتل کیا ہوگا

کسی کو ناحق مارا ہوگا

تو ان تمام مظلوموں میں اس کی نیکیاں بانٹ دی جائیں گی

پھر اگر اس کی نیکیاں ختم ہوگئیں اور مظلوموں کے حقوق باقی رہے تو ان کی غلطیاں اس کے حساب میں ڈال دی جائیں گی

اور پھر اسے جہنّم میں گھسیٹ کر پھینک دیا جائے گا

مسلم 2581
حضرت ابو ہریرہؓ

# قبولیت دعا میں رزق کا اثر

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

## اللہ تعالیٰ پاکیزہ ہے اور وہ صرف پاکیزہ مال ہی قبول فرماتا ہے

پھر آپ ﷺ نے ایک ایسے آدمی کا ذکر کیا جو لمبی مسافت طے کر کے مقدس مقام پر آتا ہے وہ غبار سے اٹا ہوا ہے گرد آلود ہے اور اپنے دونوں ہاتھ آسمان کی طرف اٹھا کر کہتا ہے "اے میرے رب اور دعائیں مانگتا ہے" حالانکہ اس کا کھانا حرام ہے اس کا پینا حرام ہے، اس کا لباس حرام ہے اور حرام پر ہی وہ پلا ہے۔ تو ایسے شخص کی دعا کیوں کر قبول ہو سکتی ہے

حضرت ابوہریرہؓ مسلم 1015

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

# اسلحہ سے اشارہ کرنا

تم میں سے کوئی بھی اسلحہ سے اپنے مسلمان بھائی کی
طرف اشارہ نہ کرے ہوسکتا ہے شیطانی مداخلت سے
وہ ہتھیار ہاتھ سے نکل جائے اور اس سے مسلمان قتل ہو جائے
اور اس کی وجہ سے وہ جہنّم کے گڑھے میں جا گرے

حضرت ابو ہریرہؓ
بخاری ، مسلم
7072 2617

## فوت شدہ کی برائی نہ کرنا

جو لوگ فوت ہو چکے ہیں ان کے عیب
بیان نہ کرو کیونکہ وہ جو کچھ اس دنیا میں
کر کے آگے بھیجتے رہے وہ اب
خود ان اعمال کے پاس
پہنچ گئے ہیں



حضرت عائشہ صدیقہؓ
بخاری 1393

کنز الحدیث

# صرف اللہ کی قسم

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

اللہ تعالیٰ نے تم کو اپنے آباؤ اجداد کی قسم کھانے سے منع کیا ہے اگر تم میں سے کوئی قسم کھائے تو صرف اللہ کی قسم کھائے یا پھر چپ رہے (یعنی کسی چیز کی بھی قسم نہ کھائے)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ

بخاری 6108 مسلم 1646

## بچوں کو سلام

حضرت انسؓ
جب بچوں کے پاس سے
گزرتے تو ان کو سلام کرتے اور فرماتے
رسول اللہ ﷺ بچوں کو سلام
کیا کرتے تھے

بخاری 6247 مسلم 2168

# بدگمانی اور بغض

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

اپنے آپ کو بدگمانیوں سے بچاؤ اس لئے کے بدگمانی کے ساتھ جو بات کی جائے گی وہ سب سے زیادہ جھوٹی بات ہوگی اور دوسرے کے بارے میں معلومات حاصل کرتے مت پھرو اور نہ ٹوہ میں لگو اور نہ آپس میں تناجش کرو (تناجش کا مطلب ہے دوسرے سے بڑھ کر بولی دینا) اور نہ ایک دوسرے سے بغض رکھو اور نہ ایک دوسرے کی کاٹ میں لگو اور اللہ کے بندے بنو آپس میں بھائی بھائی بن کر زندگی گزارو

حضرت ابوہریرہؓ، مسلم 2558
بخاری 6066

# صبر و شکر

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

مومن کے معاملے پر تعجب ہے
کہ اس کا سارا کام خیر ہی خیر ہے یہ سعادت
مومن کے سوا کسی کو حاصل نہیں ہے
اگر اسے دکھ پہنچتا ہے تو صبر کرتا ہے تو یہ
اس کے لئے بہتر ہوتا ہے اور اگر اسے خوشی
حاصل ہوتی ہے تو وہ سراپا شکر بن جاتا ہے
تو یہ بھی اس کے لئے بہتر ہوتا ہے
یعنی وہ ہر حال میں خیر ہی
خیر سمیٹتا ہے

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ
مسلم
2999



# 5 بُرے کام

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

**زنا**
یہ اگر کسی گروہ میں علانیہ ہونے لگے تو انہیں ایسی ایسی بیماریاں لاحق ہوں گی جو پہلوں میں نہیں تھیں

**ناپ تول میں کمی**
یہ بُرائی کسی قوم میں پیدا ہو جائے تو اللہ تعالیٰ ان پر قحط اور خشک سالی مسلّط کرتا ہے اور وہ قوم ظالم اقتدار کے ظلم کا نشانہ بنتی ہے

**زکوٰۃ نہ دینا**
یہ خرابی جن لوگوں میں پیدا ہوتی ہے ان پر آسمان سے پانی برسنا رک جاتا ہے اگر اس علاقے میں جانور یا چڑیاں نہ ہوں تو ذرا بھی بارش نہ ہو

**اللہ و رسول سے غداری اور عہد شکنی**

یہ خرابی جب رونما ہوتی ہے تو اللہ ان کے اوپر غیر مسلم دشمن کو مسلّط کر دیتا ہے

**اللہ کی کتاب کے مطابق حکومت نہ کرنا**

اگر مسلمان حکمران اللہ کی کتاب کے مطابق حکومت نہ کریں تو اللہ تعالیٰ مسلم معاشرہ میں پھوٹ ڈال دیتا ہے اور وہ آپس میں کشت و خون کرنے لگتے ہیں

حضرت عبداللہ بن عمرؓ، ابن ماجہ 4019

# ریا کاری شرک ہے

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

جس نے دکھلاوے کی نماز پڑھی تو
اس نے شرک کیا اور جس نے
دکھلاوے کا روزہ رکھا تو اس نے
شرک کیا اور جس نے دکھلاوے کا صدقہ کیا

**تو اس نے شرک کیا**

(مسند احمد 17140)

# اچھے اصاوف کی تلقین

حضرت حرملہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ آپ ﷺ مجھے کن باتوں پر عمل کرنے کی تلقین فرماتے ہیں

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

تو نیکی پر عمل کر اور برائی سے بچ اور دیکھ اگر تو یہ پسند کرتا ہے کہ لوگ مجلس سے تیرے اٹھ کر چلے جانے کے بعد اچھے اوصاف سے یاد کریں تو تو اپنے اندر اچھے اوصاف پیدا کر اور جن باتوں کو تو ناپسند کرتا ہے کہ تیری غیر موجودگی میں لوگ تیرے بارے میں کہیں تو تو ان سے پرہیز کر

حلیۃ الاولیاء
ج:3، ص:359

# خائن سے بھی خیانت کرنے کی ممانعت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

جس شخص نے تمہیں قابل اعتماد جان کر اپنی امانت تمہارے پاس رکھی ہے اس کی امانت واپس کر دو اور جو تم سے خیانت کرے تو تم اس کے ساتھ خیانت کا معاملہ نہ کرو

(بلکہ اپنے حق کو وصول کرنے کے لئے دوسرے جائز طریقے اختیار کرو)

حضرت ابوہریرہؓ۔ ترمذی 1264

کنز الحدیث

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

## کاروبار میں جھوٹی قسم

تین قسم کے لوگ ہیں جن سے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن نہ تو بات کرے گا اور نہ ان کی طرف دیکھے گا (ان تین میں سے)

پہلی قسم کے لوگ وہ ہیں

جنہوں نے اپنے سامانِ تجارت بیچنے میں جھوٹی قسم کھائی اور اسکی وجہ سے زیادہ دام انہیں ملے

بخاری 7212، مسلم 108

## کاروبار میں شراکت

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جب تک کسی کاروبار کے دو ساجھی باہم خیانت نہ کریں۔ میں ان کے ساتھ رہتا ہوں لیکن جب ایک شریک دوسرے شریک سے خیانت کرتا ہے تو میں ان دونوں کے درمیان سے نکل جاتا ہوں

حضرت ابوہریرہؓ، ابوداؤد 3383

کنز الحدیث

81

## بخشش فقط اللہ کا کام

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

ایک آدمی نے اللہ کی قسم کھا کر کہا کہ اللہ تعالیٰ فلاں شخص کی مغفرت نہیں کرے گا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا یہ شخص کون ہوتا ہے جو یوں میری قسم کھا کر کہتا ہے کہ میں فلاں شخص کو نہیں بخشوں گا (اسے بتادو) میں نے اس شخص کو تو بخش دیا مگر تیرے عمل (اس حرکت کے سبب) ضائع کر دیئے

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ

مسلم 2621

## سرگوشی

جب تین آدمی اکٹھے ہوں تو ایک کو چھوڑ کر دو ساتھی باہم آپس میں سرگوشیاں نہ کریں

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ، بخاری 6290، مسلم 2184

# غصہ پی جانے کا صلہ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

اگر کوئی شخص اپنا غصہ اتارنے کی قدرت
رکھنے کے باوجود غصہ پی لے تو اللہ تعالیٰ
قیامت کے دن مجمع خلائق میں اسے
فوقیت کے ساتھ بلائیں گے (اور بطور صلہ)
اسے یہ اختیار عطا ہوگا کہ حورانِ
بہشت میں سے اپنے لیے جس حور کو
چاہے انتخاب کر لے

حضرت معاذ بن انسؓ
ترمذی: 2021

# تنگدست قرض دار کے ساتھ نرمی

حضرت ابوقتادہؓ نے اپنے قرضدار کو بلایا تو
وہ چھپ گیا پھر اس سے ملاقات ہوگئی اور قرض کا مطالبہ کیا

تو اس نے کہا میرے ہاتھ بہت تنگ ہیں، تو انہوں نے کہا
کیا بخدا تم نہیں دے سکتے، تو اس نے اللہ کی قسم کھا کے کہا
کہ وہ اس وقت قرض ادا کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہے

تو حضرت ابوقتادہؓ نے فرمایا میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے
کہ جس شخص کو یہ بات پسند ہو کہ قیامت کے غموں سے نجات ملے
تو اسے چاہیے کہ تنگ دست قرضدار کو مہلت دے
یا معاف کردے

حضرت ابوقتادہؓ، مسلم 1563

# فسق و کفر

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

مسلمان کو گالی دینا فسق اور اس کو ناحق قتل کرنا کفر ہے

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، بخاری 48، مسلم 64

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

”جو شخص اپنے بھائی کو ’اے کافر! کہتا ہے تو دونوں میں سے ایک کافر ہو جاتا ہے

(کوئی شخص دوسرے شخص کو فاسق و کافر نہ کہے)

حضرت ابوذر غفاریؓ، بخاری 6103

## اسلام کی خوبی

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

انسان کے اسلام کی ایک خوبی
بے مقصد کام کو چھوڑ دینا ہے

حضرت ابوہریرہؓ ترمذی 2317

## مسلمان بھائی کی تحقیر

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

آدمی کے برا ہونے کے لئے یہی
بات کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان
بھائی کی تحقیر کرے۔

حضرت ابوہریرہؓ
مسلم 2564

# آخرت کی منزلوں میں پہلی منزل

حضرت عثمانؓ کے آزاد کردہ غلام ہانی کا بیان ہے کہ حضرت عثمانؓ جب کسی قبر کے پاس کھڑے ہوتے تو اتنا روتے یہاں تک کہ اپنی داڑھی تر کر لیتے

ان سے پوچھا گیا کہ جنت اور جہنّم کے ذکر پر تو آپ نہیں روتے، قبر کو یاد کر کے اتنا کیوں روتے ہیں

انھوں نے فرمایا، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ قبر آخرت کی منزلوں میں سے پہلی منزل ہے اگر یہاں آدمی نجات پا گیا تو بعد کا مسئلہ آسان ہے اور اگر یہاں چھٹکارا نہیں ملا تو بعد کے مراحل بھی سخت تر آئیں گے

نیز میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے بھی سنا ہے کہ قبر سے زیادہ ہولناک منظر کوئی اور نہ ہوگا

ترمذی 2308

کنزالحدیث

87

# ناجائز وصیت کی سزا دوزخ ہے

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

کوئی مرد اور اسی طرح کوئی عورت ساٹھ سال تک اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں گذارتے ہیں پھر ان کے مرنے کا وقت آتا ہے تو وصیت کے ذریعہ ورثا کو نقصان پہنچا دیتے ہیں تو ان دونوں کیلئے جہنّم واجب ہو جاتی ہے

حضرت ابو ہریرہؓ

ترمذی 2117

## وراثت سے محروم کرنا

جو اپنے وارث کو میراث سے محروم کر دے گا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کو جنت کی میراث سے محروم کر دے گا

حضرت انسؓ

ابن ماجہ: 2703

# جیسا گمان ویسا معاملہ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ میرا بندہ مجھ سے جو توقع رکھتا ہے اور جیسا گمان اس نے میرے متعلق قائم کر رکھا ہے ویسا ہی مجھے پائے گا

جب وہ مجھے یاد کرتا ہے تو میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں اگر وہ مجھے تنہائی میں یاد کرتا ہے تو میں بھی اسے تنہائی میں یاد کرتا ہوں اور اگر وہ مجھے کسی جماعت کے ساتھ بیٹھ کر یاد کرتا ہے تو میں ان سے بہتر جماعت (یعنی فرشتوں کی جماعت) میں اس کو یاد کرتا ہوں اگر وہ میری طرف ایک بالشت بھر بڑھتا ہے تو میں اس کی طرف ایک ہاتھ بڑھ جاتا ہوں اور اگر وہ میری طرف ایک ہاتھ بڑھتا ہے تو میں اس کی طرف چار ہاتھ بڑھتا ہوں اور اگر وہ میری طرف آہستہ آہستہ آتا ہے تو میں اس کی طرف دوڑ کر جاتا ہوں

حضرت ابو ہریرہؓ

بخاری 7405، مسلم 2675

# سب سے بڑی خیانت

حضرت سفیان بن اسیدؓ نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ فرماتے ہوئے سنا کہ

سب سے بڑی خیانت یہ ہے کہ تم اپنے بھائی سے کوئی بات کہو اور وہ تمہاری بات کو سچا سمجھے حالانکہ تم نے جو بات اس سے کہی وہ جھوٹی تھی

ابوداؤد 4971

# فرشتوں کی دعا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

کوئی دن نہیں گزرتا

مگر یہ کہ اللہ کی طرف سے
دو فرشتے اُترتے ہیں جن میں سے ایک
خرچ کرنے والے بندہ کے لیے دعا کرتا ہے

کہتا ہے کہ اے اللہ تو خرچ کرنے والے کو اچھا بدلہ دے

اور دوسرا فرشتہ

تنگ دل بخیلوں کے حق میں
بد دعا کرتا ہے **اور کہتا ہے**

کہ اے اللہ بخل کرنے والے کو تباہ و برباد کر دے

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ

بخاری 1442
مسلم 1010

# اللہ تعالیٰ کا احسان

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

جس شخص نے کسی نیکی کا
صرف ارادہ کیا ہو اور اس پر عمل نہ کیا ہو تب
بھی اللہ تعالیٰ اسے ایک کامل نیکی کا ثواب عطا
فرماتے ہیں اور اگر ارادہ کے بعد اس نیکی پر عمل بھی کر لیا
ہو تو دس نیکیوں کے برابر ثواب عطا ہوتا ہے۔ یہ اضافہ سات
سو گنا بلکہ اس بھی زیادہ ہوتا ہے اور اگر برائی کا ارادہ کرتا ہے مگر
اس پر عمل نہیں کرتا تو اللہ تعالیٰ اس پر بھی اسے ایک نیکی کا ثواب
عطا فرماتے ہیں اور اگر ارادہ کے بعد اس پر عمل کر لیا تو ایک
برائی ہی لکھی جاتی ہیں

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بخاری 6491

مسلم 131

92

## متقی تاجروں کا انجام

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

تاجر لوگ قیامت کے دن بدکار کی حیثیت سے اٹھائے جائیں گے سوائے ان تاجروں کے جنہوں نے اپنی تجارت میں تقویٰ اختیار کیا

یعنی اللہ کی نافرمانی سے بچے رہے اور نیکی اختیار کی یعنی لوگوں کو پورا حق دیا اور سچائی کے ساتھ معاملہ کیا

حضرت رفاعہ رض

ترمذی 1210

## کثرت سے قسمیں کھانے کا نقصان

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

اپنے مال کو بیچنے میں کثرت سے قسمیں کھانے سے بچو یہ چیز وقتی طور پر تو تجارت کو فروغ دیتی ہے لیکن آخر کار برکت کو ختم کر دیتی ہے

حضرت ابو قتادہ رض، مسلم 1607

# لعنت کا مستحق کون؟

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

بندہ جب کسی چیز پر لعنت بھیجتا ہے
تو وہ لعنت آسمان کی طرف جاتی ہے

مگر وہاں اس پر آسمان کے دروازے بند کر دئے جاتے ہیں

تو وہ واپس زمین پر اترتی ہے
تو وہاں کے دروازے بھی اسے بند ملتے ہیں

اب وہ دائیں بائیں راستہ تلاش کرتی ہے اگر ادھر بھی اسے کوئی راستہ نہیں ملتا

تو پھر جس پر لعنت کی گئی ہے اس کے پاس جاتی ہے

اگر وہ اس لعنت کا مستحق ہے تو خیر ورنہ لعنت
کرنے والے پر لوٹ آتی ہے

حضرت ابو درداؓ
ابوداؤد: 4905

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

## افضل مسلمان

مسلمانوں میں سب سے افضل کون ہے آپ ﷺ نے فرمایا جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں

حضرت عبداللہ بن عمرؓ مسلم 40 بخاری 10

## زبان و شرمگاہ کی حفاظت

جو شخص مجھے اپنی زبان اور شرمگاہ کی حفاظت کی ضمانت دے تو میں اس کیلئے جنت کی ضمانت دیتا ہوں

حضرت سہیل بن سعدؓ بخاری 6474

## میت پر نوحہ منع ہے

جو کوئی میت پر نوحہ کرے (چلا کر روئے) تو اس نوحہ کی وجہ سے قیامت میں اس پر عذاب ہوگا

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بخاری 1304 مسلم 924

کنزالحدیث

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

بولو تو اچھا بولو

جو شخص اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہو اسے چاہیے کہ اگر بولے تو منہ سے بھلی بات نکالے ورنہ چپ ہی رہے

حضرت ابو ہریرہؓ
بخاری
6018

مسلم
47

فضول باتوں کا اثر

اللہ تعالیٰ کے ذکر کے بغیر فضول باتیں زیادہ نہ کیا کرو کیونکہ ایسا کلام دل کو بے حس (سخت) کر دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے وہ شخص بہت دور ہو جاتا ہے جس کا دل بے حس یعنی سخت ہو

حضرت عبداللہ بن عمرؓ
ترمذی 2411

ہر سنی سنائی آگے نہ سناؤ

آدمی کے جھوٹا ہونے کیلئے یہی بات کافی ہے کہ وہ جو بھی بات سنے ویسے ہی (بغیر غور و فکر اور تحقیق کے) اسے لوگوں کو سناتا پھرے

حضرت ابو ہریرہؓ مسلم 5

## مسلمان کی آبرو

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

# ہر مسلمان کے لیے مسلمان کا خون اس کی آبرو اور اس کا مال حرام ہے

حضرت ابوہریرہؓ مسلم 2564

# چغل خور جنت میں داخل نہیں ہوگا

حضرت حذیفہؓ، بخاری 6056 مسلم 105

## صلح کی اہمیت

حضرت ام کلثومؓ بخاری 2692

وہ شخص جھوٹا نہیں ہے جو لوگوں میں صلح و ملاپ کی خاطر اپنی طرف سے کوئی اچھی بات گھڑ کر کہہ دے

مسلم میں یہ اضافہ ہے کہ لڑائی کے موقعہ پر لوگوں کے درمیان صلح و صفائی کے لیے اور میاں بیوی کی دلجوئی کیلئے جھوٹ بولا جاسکتا ہے

مسلم 2605

# جنت میں لے جانے والے 6 اعمال

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

3 باتیں اگر کسی شخص کے اندر پائی جائیں تو اللہ تعالیٰ اس کو قیامت کے دن اپنی حفاظت میں لے لے گا اور اسے جنت میں داخل کرے گا

- کمزوروں کے ساتھ نرمی کا برتاؤ
- والدین کے ساتھ شفقت و محبّت
- غلاموں اور خادموں کے ساتھ اچھا سلوک

3 صفتیں ایسی ہے کہ وہ جس شخص میں پائی جائیں گی اللہ اُس کو اپنے عرش کے سایہ میں جگہ دے گا اُس دن جب اس کے سایہ کے سوا اور کوئی سایہ نہ ہوگا

حضرت جابرؓ
الترغیب والترہیب لقوام السنۃ 149

- ایسی حالت میں وضو کرنا جب کہ وضو کرنے کو طبیعت نہ چاہے (مثلاً سخت جاڑے کے دنوں میں)
- تاریک راتوں میں مسجد کو جانا (تاکہ جماعت میں شریک ہو)
- بھوکے آدمی کو کھانا کھلانا

کنز الحدیث

# بد عمل واعظ کا انجام

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

ایک آدمی قیامت کے دن لایا جائے گا
اور آگ میں پھینک دیا جائے گا تو اس کی انتڑیاں
آگ میں نکل پڑیں گی پھر اسے آگ میں اس طرح لیے
پھرے گا جیسے گدھا اپنی چکی میں پھرتا ہے تو دوسرے جہنمی لوگ
اس کے پاس اکٹھے ہوں گے اور پوچھیں گے اے فلاں یہ تیرا کیا
حال ہے کیا تم دنیا میں ہم کو نیکیوں کی تلقین نہیں کرتے تھے اور برائیوں
سے نہیں روکتے تھے ایسے نیکی کے کام کرنے کے باوجود تم یہاں کیسے آ گئے

وہ شخص کہے گا کہ میں تمہیں تو نیکیوں کی تلقین کرتا تھا
اور خود اس کے قریب نہیں جاتا تھا اور برائیوں سے
تم کو تو روکتا تھا لیکن خود کرتا تھا

حضرت اسامہ بن زیدؓ
بخاری 3267 مسلم 2989

ذخیرہ اندوزی

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

وہ شخص جو اشیاء ضرورت کو نہیں روکتا بلکہ وقت پر بازار میں لاتا ہے تو وہ اللہ کی رحمت کا مستحق ہے اور اسے اللہ رزق دیتا ہے اور جو شخص احتکار کرتا ہے وہ لعنت کا مستحق ہے

حضرت عمرؓ ابن ماجہ 2153

**نوٹ** احتکار کے معنی ہیں ضرورت کی اشیاء کو روک لینا اور بازار میں نہ لانا اور قیمتوں کے خوب چڑھنے کا انتظار کرنا اور جب قیمتیں چڑھ جائیں تو مال کو باہر نکال کر خوب پیسہ وصول کرنا

100

# ہمسائے کا حق

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

## قیامت کے دن

بہت سارے پڑوسی اپنے پڑوسی کو پکڑے

ہوئے اللہ سے فریاد کریں گے اے میرے رب

**اس سے پوچھیئے اس نے اپنا دروازہ مجھ پر کیوں بند کر لیا تھا**

اور میری ضرورت میں اپنے زائد از ضرورت مال سے مجھے کیوں محروم رکھا تھا؟

حضرت عبداللہ بن عمرؓ

مکارم الاخلاق لابن ابی الدنیا 346

کنز الحدیث

# خراب مال کا عیب بیان کرنا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

کسی شخص کیلیے جائز نہیں

کہ وہ کوئی چیز بیچے مگر یہ کہ جو کچھ

اس کے اندر عیب ہے اسے بیان کر دے

حضرت واثلہؓ

مسند احمد 16013

## ادائیگی قرض میں نیت کا اثر

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

جو لوگوں کا مال بطور قرض لے

اور وہ نیت اس کے ادا کرنے کی رکھتا ہے

تو اللہ تعالیٰ اس کی طرف سے ادا کر دے گا

اور جس شخص نے مال بطور قرض لیا اور نیت ادا

کرنے کی نہیں رکھتا تو اللہ تعالیٰ اس شخص کو

اس کی وجہ سے تباہ کر دے گا

حضرت ابو ہریرہؓ، بخاری 2387

# ۱۱ اہم اعمال

حضرت معاذؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا اور تھوڑی دور چلے اور پھر فرمایا میں تمہیں

اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے بچنے

سچ بولنے

عہد کو پورا کرنے

امانت کو صحیح پہنچانے

خیانت نہ کرنے

یتیم پر رحم کرنے

پڑوسی کے حقوق کی حفاظت کرنے

غصے کو دبانے

لوگوں کو سلام کرنے

وقت کے اسلامی خلیفہ سے چمٹے رہنے

اور

لوگوں سے نرم انداز میں گفتگو کرنے

کی وصیت کرتا ہوں

الزہد الکبیر للبیہقی 956

کنز الحدیث

## جنت کا حرام ہونا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

اگر کوئی شخص جان بوجھ کر غیر باپ کو باپ بتائے تو اس پر جنت حرام ہے

حضرت سعد بن ابی وقاص بخاری 4326

## کفر کا مرتکب ہونا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

اپنے آباء کی نسبت سے انکار نہ کرو جو اپنے باپ کے رشتہ سے انکار کرے کرے گا وہ کفر کا مرتکب ہوگا

حضرت ابو ہریرہ رض

بخاری 6768

مسلم 62

# چغلی اور پیشاپ کی چھینٹیں

حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ دو قبروں کے پاس سے گزرے تو آپ ﷺ نے بتایا کہ ان دونوں پر عذاب ہو رہا ہے اور یہ عذاب کسی ایسی چیز پر نہیں ہو رہا ہے جسے وہ چھوڑ نہیں سکتے تھے اگر چاہتے تو باآسانی اس سے بچ سکتے تھے بلاشبہ ان کا جرم بڑا ہے ان میں سے ایک چغلی کھایا کرتا تھا اور دوسرا اپنے پیشاب کے چھینٹوں سے نہیں بچتا تھا

بخاری
6052

# دورُخاپن

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

تم قیامت کے دن بدترین آدمی اس شخص کو پاؤ گے جو دنیا میں دو چہرے رکھتا تھا کچھ لوگوں سے ایک چہرے کے ساتھ ملتا تھا اور دوسرے لوگوں سے دوسرے چہرے کے ساتھ

دو آدمیوں یا دو گروہوں میں جب رنجش ابھرتی ہے تو ہر جگہ کچھ لوگ ایسے بھی پائے جاتے ہیں جو دونوں کے پاس پہنچتے ہیں اور دونوں کی ہاں میں ہاں ملاتے ہیں اور ان کی باہمی دشمنی کی باتیں بنا کر دشمنی کی آگ کو اور ہوا دیتے ہیں یہ بہت بڑا عیب ہے۔ اس سے بچنا چاہیئے

حضرت ابوہریرہؓ بخاری 6058 مسلم 2526

# سونا مرد پر حرام ہے

رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی دیکھی تو آپ نے اسے اتار کر پھینک دیا اور فرمایا تم میں بعض دانستہ اپنے ہاتھ میں آگ کی چنگاری دبا لیتے ہیں رسول اللہ ﷺ کے وہاں سے تشریف لے جانے کے بعد لوگوں نے اُس شخص سے کہا کہ اپنی انگوٹھی اٹھا لو، اور کسی اور صورت میں اس سے فائدہ اٹھاؤ وہ شخص بولا واللہ جس چیز کو رسول اللہ ﷺ نے پھینک دیا میں اسے بالکل نہ اٹھاؤں گا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ

مسلم 2090

# چار شہید

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

جو اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے قتل ہو جائے وہ **شہید** ہے

جو اپنے بیوی بچوں اور متعلقین کی حفاظت کرتے ہوئے قتل ہو جائے وہ بھی **شہید** ہے

حضرت سعید ابن زیدؓ

جو اپنی جان کو بچاتے ہوئے قتل ہو جائے وہ بھی **شہید** ہے

جو اپنے دین کی خاطر قتل ہو جائے وہ **شہید** ہے

ابوداؤد 4772 نسائی 4095 ترمذی 1421 ابن ماجہ 2580

# 3 وصیّتیں

حضرت ابوذر غفاریؓ کہتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے چند باتوں کی وصیت فرمائی

مجھے وصیت فرمائی کہ
وہ لوگ جو مجھ سے مال وجاہ وغیرہ میں فوقیت رکھتے ہوں ان کی طرف نہ دیکھوں بلکہ ان لوگوں کو دیکھوں جو مجھ سے کم تر ہیں تاکہ میرے دل میں شکر کا جذبہ اُبھرے

مجھے وصیت فرمائی کہ مسکینوں سے محبّت کروں اور ان کے پاس جاؤں

مجھے اس بات کی وصیت کی کہ میرے اعزّہ اور رشتہ دار چاہے مجھ سے خفا ہوں میرے حقوق ادا نہ کریں لیکن میں ان سے اپنا تعلّق جوڑے رکھوں ان کے حقوق ادا کرتا رہوں

ابوذر غفاریؓ المعجم الصغیر للطبرانی 1651 - 1648

# جنت سے محروم اور مستحق لوگ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

## بخیل

## دھوکہ باز آدمی

## بے ایمان خیانت کار آدمی

اور جو غلط طریقے سے اپنے اختیار
وتصرف کو استعمال کرتا ہے یہ چاروں جنت میں نہیں
جائیں گے اور غلاموں میں سب سے پہلے جنت میں
جانے والا وہ غلام ہوگا جس نے اللہ کے حقوق بھی
ٹھیک سے ادا کیے ہوں گے اور اپنے آقا کی خدمت
بھی عمدگی کے ساتھ کی ہوگی

حضرت ابوبکر صدیقؓ، مسند احمد 13

# راز فاش نہ کرنا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

میری امت کے ہر شخص
کو معافی مل جائیگی مگر اپنے
گناہ فاش کرنے والے کو نہیں ملے
گی گناہ ظاہر کرنیکی صورت یہ ہوتی ہے کہ
آدمی نے رات کو کوئی گناہ کیا اللہ تعالیٰ نے
اس پر پردہ ڈال دیا مگر صبح اٹھ کر وہ خود ہی
کہنے لگا کہ رات میں نے یہ یہ حرکات کیں

اللہ تعالیٰ نے تو اس کا
پردہ رکھ لیا تھا مگر اب یہ خود ہی اپنے عیب
کا پردہ فاش کر رہا ہے

حضرت ابوہریرہ
بخاری 6069 مسلم 2990

111

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

# خرید و فروخت میں نرمی کا حکم

اس شخص پر اللہ رحم فرمائے جو نرمی اور خوش اخلاقی سے پیش آتا ہے خریدنے میں اور بیچنے میں اور اپنے قرض کا تقاضا کرنے میں

حضرت جابرؓ
بخاری
2076

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

# صادق و امین تاجر کا رتبہ

سچائی کے ساتھ معاملہ کرنے والا امانت دار تاجر قیامت کے دن نبیوں، صدیقوں اور شہیدوں کے ساتھ ہوگا

حضرت ابوسعید خدریؓ

ترمذی 1209

112

# 10 باتوں کی وصیت

## رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

حضرت معاذ بن جبلؓ **مسند احمد** 22075

1. اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا اگرچہ اس جرم میں تم کو مار ڈالا جائے یا جلا دیا جائے
2. اپنے والدین کی نافرمانی نہ کرنا اگرچہ وہ دونوں تم کو حکم دیں کہ اپنی بیوی کو چھوڑ دو اور اپنے مال سے دست بردار ہو جاؤ
3. کوئی فرض نماز ہرگز ترک نہ کرنا، اس لیے کہ جو شخص قصداً فرض نماز چھوڑ دیتا ہے اللہ تعالیٰ کی حفاظت و نگرانی سے محروم ہو جاتا ہے۔
4. شراب مت پینا اس لیے کہ یہ تمام بے حیائیوں اور بدکاریوں کی جڑ ہے
5. اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے بچنا اس لیے کہ نافرمانی کے نتیجے میں خدا کا غصہ بھڑکتا ہے
6. دشمن کے لشکر جرار کے مقابلے میں پیٹھ مت دکھانا اگرچہ تمہاری فوج کے سارے سپاہی ختم ہو جائیں
7. جب لوگوں پر کوئی عام وبا مسلّط ہو تو وہاں سے نہ بھاگنا
8. اپنی قدرت اور حیثیت کے مطابق گھر والوں کو کھانا کھلانا اور کپڑے دینا
9. اپنے گھر والوں کی تربیت میں اپنی چھڑی اُن سے نہ ہٹانا
10. اللہ کے حقوق ادا کرنے میں اپنے گھر والوں کو خائف رکھنا

خود مطالعہ کیجئے ، عمل کیجئے اور احباب کو تحفہ میں دیجئے